© rasailojaraid.com



# کیا قرآن آسمانی کتاب ہے؟

(قسط ۳)

رئیس فاطمہ شعبہ کلیات طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی۔ علیگڑھ۔

قرآن پاک نے انسانی ذہن کو وہ پرواز تخیل عطا کیا ہے کہ وہ اس ئل ہوگیا کہ اس مادی دنیا کے تمام بندھنوں کو توڑ کر یہ سوچے کہ اس مادی نیا میں ایسے بہت سے رموز و اشارات پوشیدہ ہیں جو بالآخر اسے اللہ خالق و معبود ی طرف واپس لے جاتے ہیں۔ قرآن کے ذریعہ ہی انسان کو یہ علم حاصل ہوا کہ تمام دنیا اسی تبارک تعالیٰ کی تخلیق ہے۔ اس میں جو کچھ ہے اللہ تعالیٰ نے س لیے بنایا ہے کہ وہ تلاش و جستجو کے ذریعہ اس سے مستفید ہو سکے۔ اور اس لاش و جستجو کا طریقہ بھی قرآن پاک ہی سکھاتا ہے۔

قرآن پاک نے خود دعویٰ کیا ہے کہ وہ تمام انسانوں کے لیے ایک رشد و ہدایت کی کتاب ہے۔ اس کا پیغام کسی ایک گروہ یا فرقے کے لیے نہیں ہے بلکہ تمام ہی نوع کے لیے ہے۔ اور نہ ہی کسی ایک متعین و مقرر وقت کیلئے ہے بلکہ یہ قیامت تک کیلئے ہر دور کے انسانوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ کوئی انسان کی تخلیق کردہ کتاب انسانیت کے لیے مشعل راہ نہیں بن سکتی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آج کے دور میں انسان کی سیاسی، معاشی اور سماجی زندگی میں جو مسائل دیکھ رہے ہیں ان سب کا تذکرہ کسی نہ کسی صورت میں ہم قرآن میں پاتے ہیں۔ قرآن پاک نہ صرف ہم کو رشد و ہدایت کی راہ دکھاتا ہے بلکہ وہ ہم پر بھی مصر ہے کہ ہم اسے اچھی طرح سمجھیں اور اس پر عمل پیرا بھی ہوں۔ اس کی ایک ایک بات ہمارے دلوں کو چھوتی ہے اور ہمارے ذہن میں اٹھنے والے سوالات کے جواب دیتی ہے اتنا ہی نہیں بلکہ یہ ہمارے دلوں میں امید کا چراغ بھی روشن کرتی ہے کہ ہمارا خالق اگر غضبناک ہے تو بہت ہی زیادہ رحیم و کریم بھی ہے جو ہمیں ہماری غلطیوں پر معاف بھی فرمائیگا۔ سر ولیم میور کہتا ہے:

"قرآن نے فطرت اور کائنات کی دلیلوں سے خدا کو سب سے اعلیٰ ہستی ثابت کیا اور انسانوں کو خدا کی اطاعت اور شکر گذاری پر جھکا دیا۔ وہ کمال ہے جس سے دنیا کی تمام کتابیں عاجز ہیں"۔[1]

یہ قرآن ہی تو ہے جس کے ذریعہ ہمیں یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ جس نے ہمیں پیدا کیا ہے، وہی ہماری تمام ضرورتوں کو پیدائش سے موت تک پورا کرنے والا ہے۔ یہ ہی نہیں بلکہ ایٹم جیسے چھوٹے سے چھوٹے عنصر سے لے کر بڑی بڑی طاقتور چیزیں سب اللہ کے بنائے ہوئے قدرتی نظام کے مطابق پیرا ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کر کے اندھیرے میں بھٹکنے کے لئے نہیں چھوڑ دیا بلکہ اسے اتنی ہی حقیقت کی جانکاری دی جس کے ذریعہ وہ عقل و انصاف اور امن کے ساتھ اپنی زندگی باعزت طور پر گذار سکے۔

---

[1] عبدالقیوم ندوی: قرآن اور امن کی تعلیمات ص ۲۱

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سارا علم وحی کے ذریعہ ہی حاصل ہوا جو وقتاً فوقتاً پیغمبروں پر نازل ہوتا رہا ہے۔ قرآن پاک سے پہلے صحف آسمانی میں تحریف کر لی گئی۔ مگر ایک قرآن ہی ایسا صحیفہ آسمانی ہے جو آج تک ویسا ہی ہے جیسا کہ اللہ پاک نے جبرئیل کے ذریعہ نبی آخر الزماں پر نازل فرمایا تھا۔ قرآن پاک ایک ایسی کتاب ہے جو کسی ایک عنوان یا مضمون پر مشتمل نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں ہمیں مذہبی علوم، فلسفیانہ علوم، تاریخی، معاشی، سماجی، سیاسی، عدل وانصاف، داخلی وخارجی تعلقات، گناہ، عذاب، محبت واخلاقیات یعنی کہ سب کچھ ملیگا۔ ہم دوسرے لفظوں میں کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کا بنیادی مضمون انسانیت اور اس سے متعلقات ہیں جیسا کہ قرآن خود شاہد ہے:

"شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس وبینٰت من الھدیٰ والفرقان" ج ۲ ؎

ہم آج کے دور میں دیکھتے ہیں کہ مغربی ممالک میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جن کے زیادہ تر اعمال قرآن پاک کی انھیں تعلیمات کے نزدیک ہیں۔ اور اہل میں ان لوگوں کی کثرت ہے جنکے اعمال قرآنی تعلیم کے مطابق نہیں ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم انھیں ترقی کی انتہائی بلندیوں پر پائے جاتے ہیں اور اسلام کا دعویٰ کرنے والے زیادہ تر مسلمان تنزلی کی راہ پر ہیں۔ حالانکہ ہمارے سامنے قرآن پاک جیسی ایک مثالی کتاب موجود ہے جو ہمیں ہر طرح کی تعلیم وہدایت دیتی ہے مثال کے طور پر علم حاصل کرنا اسکو فروغ دینا ہر مسلمان کا فرض بتایا گیا ہے۔ قرآن خود کہتا ہے کہ علم اور جاہل برابر نہیں ہو سکتے:

---

؎ ۲ : ۱۸۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آج کے عہد میں انسان کی سیاسی، معاشی اور سماجی زندگی میں ہم جو کچھ ترقی دیکھ رہے ہیں ان سب کا تذکرہ کسی نہ کسی صورت میں ہم قرآن میں پاتے ہیں۔ قرآن پاک نہ صرف ہم کو رشد و ہدایت کی راہ دکھاتا ہے بلکہ وہ اس بات پر بھی مصر ہے کہ ہم اسے اچھی طرح سمجھیں اور اس پر عمل پیرا بھی ہوں۔ اس کی ایک ایک بات ہمارے دلوں کو چھوتی ہے اور ہمارے ذہن میں اٹھنے والے سوالات کے جواب دیتی ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ یہ ہمارے دلوں میں امید کا چراغ بھی روشن کرتی ہے کہ ہمارا خالق اگر غضبناک ہے تو بہت ہی زیادہ رحیم و کریم بھی ہے جو ہمیں ہماری غلطیوں پر معاف بھی فرمائیگا۔ سر ولیم میور لکھتا ہے:

"قرآن نے فطرت اور کائنات کی دلیلوں سے خدا کو سب سے اعلیٰ ہستی ثابت کیا اور انسانوں کو خدا کی اطاعت اور شکر گزاری پر جھکا دیا۔ یہ وہ کمال ہے جس سے دنیا کی تمام کتابیں عاجز ہیں"۔[1]

یہ قرآن ہی تو ہے جس کے ذریعہ ہمیں یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ جس نے ہمیں پیدا کیا ہے، وہی ہماری تمام ضرورتوں کو پیدائش سے موت تک پورا کرنے والا ہے۔ یہ ہی نہیں بلکہ ایٹم جیسے چھوٹے سے چھوٹے عنصر سے لے کر بڑی بڑی طاقتور چیزیں سب اللہ کے بنائے ہوئے قدرتی نظام کے مطابق عمل پیرا ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کر کے اندھیرے میں بھٹکنے کے لیے نہیں چھوڑ دیا بلکہ اسے اتنی ہی حقیقت کی جانکاری دی جس کے ذریعہ وہ عدل و انصاف اور امن کے ساتھ اپنی زندگی باعزت طور پر گزار سکے۔ اور یہ

---

[1] عبد القیوم ندوی: قرآن اور سائنس کی تعلیمات ص۲۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سارا علم صحیفے کے ذریعہ ہی حاصل ہوا جو وقتاً فوقتاً پیغمبروں پر نازل ہوتا
رہا ہے۔ قرآن پاک سے پہلے صحف آسمانی میں تحریف کر لی گئی۔ مگر ایک
قرآن ہی ایسا صحیفۂ آسمانی ہے جو آج تک ویسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تبارک نے
جبرئیل کے ذریعہ محمدؐ نبی آخر الزماں پر نازل فرمایا تھا۔ قرآن پاک ایک ایسی کتاب
ہے جو کسی ایک عنوان یا مضمون پر مشتمل نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک ایسی کتاب ہے
جس میں ہمیں مذہبی علوم، فلسفیانہ علوم، تاریخی، معاشی، سماجی، سیاسی، عدل
وانصاف، داخلی وخارجی تعلقات، گناہ، عذاب، محبت و اخلاقیات یعنی کہ سب
کچھ ملیگا۔ ہم دوسرے لفظوں میں کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کا بنیادی مضمون انسانیت
اور اس سے متعلقات ہیں جیسا کہ قرآن خود شاہد ہے :

"شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس وبینٰت
من الھدیٰ والفرقان" ۲ے

ہم آج کے دور میں دیکھتے ہیں کہ مغربی ممالک میں اکثریت ان لوگوں کی ہے
جن کے زیادہ تر اعمال قرآن پاک کی انھیں تعلیمات کے نزدیک ہیں۔ اور اہلِ
میں ان لوگوں کی کثرت ہے جنکے اعمال قرآنی تعلیم کے مطابق نہیں ہیں یہی وجہ ہے
کہ ہم انھیں ترقی کی انتہائی بلندیوں پر پائے جاتے ہیں اور اسلام کا دعویٰ کرنے
والے زیادہ تر مسلمان تنزلی کی راہ پر ہیں۔ حالانکہ ہمارے سامنے قرآن پاک جیسی
ایک مکمل کتاب موجود ہے جو ہمیں ہر طرح کی تعلیم و ہدایت دیتی ہے مثال کے
طور پر علم حاصل کرنا اسکو فروغ دینا ہر مسلمان کا فرض بتایا گیا ہے۔ قرآن خود کہتا
ہے کہ علم اور جاہل برابر نہیں ہو سکتے :

---

ـہ ۲ : ۱۸۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"قل هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون" ۳؎

قرآن پاک علم کی اہمیت کو دوسری جگہ اس طرح بیان کرتا ہے:

"ولقد اخترنٰهم على علم على العٰلمين" ۴؎

اس کے علاوہ قرآن پاک خود اپنی مدافعت کے طریقے بتاتا ہے:

"يا ايها الذين امنوا خذوا حذركم فانفروا ثبات او انفروا جميعاً" ۵؎

یہاں تک کہ نماز کے دوران بھی اپنی حفاظت کا طریقہ بتاتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ نماز کے درمیان اپنی حفاظت سے غافل ہو کر مارے نہ جائیں ۶؎ قرآن پاک نے ہمیں بہادری کی بھی اسی طرح دی ہے کہ اے مومنو جب کبھی کافروں سے جنگ ہو تو تم پیٹھ مت دکھاؤ اگر ایسا کروگے تو اللہ تعالیٰ تم پر غضب ناک ہوگا اور جہنم تمہارا مقام ہوگا ۷؎

اسی طرح پورے قرآن پاک میں ہم ہدایت پاتے ہیں۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ کسی ملک میں یا دنیا میں کسی کونے میں کسی بھی بحران کا سامنا ہوتا ہے تو اصحاب فہم و ادراک اور معزز لوگوں کو اکٹھا کر کے مشورے کیے جاتے ہیں اور اس بحران سے نپٹنے کے طریقے سجھائے جاتے ہیں۔ یہ انسانیت کا وہ پہلو ہے

---

۳؎ ۹ : ۳۹

۴؎ ۳۲ : ۴۴

۵؎ ۷۱ : ۴

۶؎ ۱۰۲ : ۴

۷؎ ۹ : ۱۵ + ۱۶

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جس کی تعلیم قرآن ہمیں بہت پہلے دے چکا ہے :

" وشاورھم فی الأمر " ۸؎

اللہ تعالیٰ نے محنت کرنیوالوں کو اجر دینے کا وعدہ کیا ہے :

" ونعم اجر العٰملین " ۹؎

آج کے دور میں ہم دیکھتے ہیں کہ صفائی پر کتنا زور دیا جاتا ہے صفائی کو صحت کا ضامن قرار دیا گیا ہے مگر صفائی کا یہ تصور بھی انسان کو بہت پہلے قرآن کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے :

" ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطھرین " ۱۰؎

" وثیابک فطھر والرجز فاھجر " ۱۱؎

" تاریخ شاہد ہے کہ اسلام سے پہلے عورت کی کوئی قدر و منزلت نہ تھی اور نہ ہی انکے کوئی حقوق تھے ۔ اسلام نے ان کے حقوق مقرر کئے اور مقام عزت متعین کیا جسکی مثال کسی دوسرے مذہب میں نہیں ملتی ۔ آج بھی اس نام نہاد ترقی کے دور میں کہیں عورت کو " ستی " کے نام پر زندہ جلا دیا جاتا ہے کہیں اسے جھوٹی عزت اور آن کی خوف سے دنیا میں آتے ہی زندہ دفن کر دیا جاتا ہے کہیں دیوی دیوتاؤں کی خوشنودی کے لیے قربان کر دیا جاتا ہے تو کہیں پیٹ کی آگ بجھانے کیلئے بیچ دیا جاتا ہے ۔ حد تو یہ ہے کہ وہ لوگ جو اپنے کو دنیا کی سب سے زیادہ

---

۸؎ ۔ ۳ : ۱۵۹ ۔ یہی بات سورۃ الشوریٰ کی آیت ۳۸ میں بھی ہے ۔

۹؎ ۔ ۳ : ۱۳۶

۱۰؎ ۔ ۲ : ۲۲۲

۱۱؎ ۔ ۷۴ : ۴ + ۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مہذب اور ترقی یافتہ قوموں کے علمبردار کہتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ انکے یہاں عورتوں کو سب سے زیادہ آزادی اور مساوی حقوق حاصل ہیں عورتوں کو چند دنوں کیلئے شریک حیات بنا کر طلاق جیسی منحوس اور قابل نفرت تحفے سے نواز کر ذلیل کرتے ہیں اور اس سلسلے میں تا زندگی قائم رکھتے ہیں۔ یہ قرآن پاک ہی ہے جو حقیقت میں ہمیں عورتوں کی عزت کرنا سکھاتا ہے:

"وعاشروھن بالمعروف" ۲۱ے

خداوند کریم سورۃ بقرۃ میں ارشاد فرماتا ہے ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف یعنی جسطرح مردوں کے حقوق عورتوں پر ہیں اسی طرح عورتوں کے حقوق مردوں پر ہیں۔ یہی نہیں پوری ایک سورۃ النساء عورتوں کے معاملات سے متعلق نازل فرمائی۔

اسلام ایک علمی اور عملی مذہب ہے جسکے لیے قرآن پاک کو ہدایت بنا کر ہمارے سامنے رسولؐ نے پیش کیا۔ یہ تمام دنیا کیلئے اخلاق وعبادت اور علوم وضاعات کی تبلیغ کرتا ہے۔ قرآن کا تخاطب ہر سطح کے خاص وعام لوگوں سے ہے یہ انسانی زندگی کیلئے ایک مکمل دین اور جامع نظام فکر وعمل پیش کرتا ہے۔ انسانی زندگی کا کوئی انفرادی یا اجتماعی شعبہ ایسا نہیں جسکے لیے قرآن نے واضح ہدایت اور اصولی احکام نہ دیئے ہوں۔

قرآن پاک کی بلاغت، مضامین کی عظمت اور اس کے اسلوب وبیان کی شوکت کے سامنے انسان نے ہمیشہ اپنے کو عاجز پایا۔ امام رازی کا کہنا ہے:

"میں نے علم کلام کے سارے مباحث اور فلسفے کے تمام ابواب پرکھ

---

۲۱ے - سورۃ النساء: ۱۹ -

© rasailojaraid.com